CHROMYL CHLORIDE کرومائیل کلورائیڈ ICSC: **0854**

CAS # 14977-61-8 RTECS # GB5775000 UN # 1758 EC # 024-005-00-2	**Chromic oxychloride** :دیگرنام **Dichloriodioxochromium** **Chromium dichloride dioxide** CrO_2Cl_2 :فارمولا 154.9 :سالمانی وزن



خطرے کی قسم	شدید خطرات / علامات	بچاؤ	ابتدائی طبی امداد اورآگ پر قابو پانا
آگ:	خودنہیں جلتالیکن دوسرے مادوں کے جلنے میں معاون ہوتاہے کئی عوامل آگ یادھماکے کاباعث بن سکتے ہیں	آتشگیراشیاءقریب مت لائیں	کاربن ڈائی آکسائیڈ'سپیشل پاؤڈر' پانی بالکل استعمال نہ کریں۔ استعمال کریں۔ آگ کے قرب وجوار میں پھیلنے کی صورت میں پانی تب تک استعمال نہ کریں جب تک زہریلے بخارات سے بچنے کاانتظام نہ ہو
دھماکہ :			آگ لگنے کی صورت میں ڈرموں وغیرہ کوپانی کا چھڑکاؤکرکے ٹھنڈارکھیں مگرپانی کومادے میں ملنے سے بچائیں

جسم میں داخلہ :		چھونے سے سختی سے پرہیزکریں	ہرحالت میں ڈاکٹرسے رجوع کریں
سانس کے راستے :	کھانسی سانس لینے میں مشکل سانس اکھڑنا گلے کی خرابی	ہواکی آمدورفت'لوکل ایگزاسٹ یاآلات تنفس کا انتظام کریں	تازہ ہوامیں لے جائیں آرام دلائیں ٹیک لگاکر لٹائیں ضرورت پڑنے پرمصنوعی تنفس فراہم کریں طبی نگہداشت کاانتظام کریں
جلد کے راستے :	سرخی جلدپرجلنے کے زخم درد آبلے	حفاظتی دستانے استعمال کریں حفاظتی لباس استعمال کریں	آلودہ کپڑے اتاردیں جلدپروافرمقدارمیں پانی بہائیں یاشاورکے نیچے لے جائیں طبی نگہداشت کا بندوبست کریں
آنکھوں میں پڑنا :	سرخی درد شدیدگہرےزخم	چہرے کی شیلڈ یاآنکھوں کی حفاظت کے ساتھ آلات تنفس استعمال کریں	پہلےکئی منٹ تک پانی سےاچھی طرح دھوئیں پھر ڈاکٹرکے پاس لے جائیں
نگلنے کی صورت میں :	پیٹ میں درد(سانس کی علامات کےاندردیکھیں)	کام کےدوران خوردونوش اورسگریٹ نوشی مت کریں	کلی کروائیں قے مت دلائیں طبی نگہداشت کا انتظام کریں

بکھرنے کی صورت میں اقدامات :	پیک کرنا اور لیبل لگانا :
خطرناک علاقہ فوراًخالی کردیں! ہواکی آمدورفت کاانتظام کریں رستے ہوئے مائع کوسیل ہو جانے والے ڈبوں یابرتنوں میں اکٹھاکریں بقیہ مائع کوریت وغیرہ میں جذب کرکےمحفوظ جگہ پرپہنچائیں سیورتج میں نہ بہائیں لکڑی کے برادے یادوسرے آتش گیرمادوں میں جذب نہ کریں مائع پرپانی کی دھارنہ پھینکیں (غیرمعمولی ذاتی تحفظ'مکمل حفاظتی لباس اورخودکارآلہ تنفس کی ضرورت)	ہوابند حالت میں رکھیں خوراک یاجانوروں کی فیڈکےساتھ باربرداری نہ کریں
ہنگامی اقدامات :	**ذخیرہ کرنا :**
Transport Emergency Card: TEC (R)-80G10 NFPA Code: H3; F0; R1;	آگ سےمحفوظ جگہ رکھیں خوراک اورجانوروں کی فیڈسےالگ رکھیں آتش گیراورتخفیفی اشیاء ٹھنڈااور خشک رکھیں اندھیرے میں رکھیں ہوادارکمرے میں رکھیں

اہم معلومات پشت پرملاحظہ فرمائیں

اہم معلومات

طبعی حالت : شکل : گہرا سرخ دھواں دار سیال چبھتی ہوئی بو کے ساتھ

کیمیائی خطرات: یہ مادہ پانی لگنے پر شدت کے ساتھ تحلیل ہو جاتا ہے اور گلا دینے والے اور زہریلے بخارات بناتا ہے (ہائیڈروکلورک ایسڈ کلورین کرومیم ٹرائی آکسائیڈ اور کرومیم ٹرائی کلورائیڈ) یہ ایک طاقتور تکسیدی مادہ ہے اور پانی غیر دھاتی بیلائیڈز غیر دھاتی ہائیڈرائیڈز امونیا اور بعض محلل مثلاً الکوحل ' ایتھر' ایسی ٹون' تاربین کے ساتھ شدت سے عمل کرتا ہے اور آگ اور دھماکے کا خطرہ پیدا کرتا ہے پلاسٹک کے لئے ناموافق ہے۔ اسکی وجہ سے آتشگیر اشیاء میں آگ لگ سکتی ہے۔

ہوا میں مقررہ حدود: (Occupational exposure limits)
TLV: 0.025 ppm; 0.16 mg/m^3 (ACGIH 1991-1992).

جسم میں داخلے کے راستے : یہ مادہ جسم میں اس کے بخارات میں سانس لینے سے اور نگلنے سے جذب ہوسکتا ہے

سانس کے راستے داخل ہونے کے خطرات : 20 سنٹی گریڈ پر ہوا میں اس کی مقدار انتہائی تیزی سے خطرناک حد تک پہنچ سکتی ہے

مختصر مدت کے لئے جسم میں داخلے کے اثرات : یہ مادہ آنکھوں' جلد اور سانس کی نالی کو گلا دیتا ہے نگلنے پر اعضاء کو گلا دیتا ہے اس کے بخارات کے سانس کے ذریعے اندر جانے پر پھیپھڑوں میں پانی بھر سکتا ہے (نوٹ دیکھیں)

جسم میں طویل عرصے تک داخلے کے اثرات : جلد کے ساتھ طویل عرصے تک یا بار بار لگنے سے سوزش (Dermatitis) ہوسکتی ہے طویل عرصے یا بار بار سانس کے راستے اندر جانے پر دمہ ہوسکتا ہے یہ مادہ غالباً انسانوں کو کینسر کرتا ہے

طبعی خواص

نقطہ جوش: 117 سنٹی گریڈ سنٹی گریڈ
نقطہ پگھلاؤ: -96.5 سنٹی گریڈ
کثافت اضافی (بالمقابل پانی=1): 1.91
پانی میں حل پذیری: عمل کرتا ہے
20 سنٹی گریڈ پر بخاراتی پریشر: 2.67kPa
بخارات کی کثافت اضافی (بمقابل ہوا =1): 5.3

ماحولیاتی اعدادوشمار

اس بات کا سختی سے خیال رکھیں کہ یہ مادہ ماحول میں داخل نہ ہو کیونکہ یہ ماحول میں لمبے عرصے تک موجود رہتا ہے

نوٹس (Notes)

اس میں کرومیم ٹرائی آکسائیڈ حل ہو جاتا ہے۔ اور انتہائی طاقتور تکسیدی مادہ پیدا ہوتا ہے۔ یہ آگ بجھانے والے مادوں مثلاً پانی کے ساتھ شدت سے عمل کرتا ہے جسم میں داخل ہونے والی مقدار کے مطابق باقاعدہ وقفوں سے طبی معائنہ کی سفارش کی جاتی ہے پھیپھڑوں میں پانی بھرنے (lung oedema) کی علامات اکثر کئی گھنٹوں کے بعد ظاہر ہوتی ہیں اور جسمانی کام کرنے سے ان کی شدت میں اضافہ ہو جاتا ہے لہذا آرام اور طبی نگہداشت انتہائی ضروری ہے اگر کسی شخص پر اس کی وجہ سے دمہ کی علامات ظاہر ہوئی ہوں تو وہ اس سے مکمل پرہیز کرے آلودہ کپڑوں کو پانی سے اچھی طرح صاف کریں (آگ کا خطرہ)

مزید معلومات :

LEGAL NOTICE Neither the CEC nor the IPCS nor any person acting on behalf of the CEC or the IPCS is responsible for the use which might be made of this information

C IPCS, CEC 1999

IPCS
International Programme on Chemical Safety

UNEP

Prepared in the context of cooperation between the International Programme on Chemical Safety and the Commission of the European Communities C IPCS, CEC 1999